حکم دیا گیا ہے اور کسی جگہ مسلمانوں کے ساتھ غیر مسلموں کو بھی یـا ایھـا الـنـاس (اے لوگو!) کہہ کر مخاطب کیا گیا ہے، بعض مقامات ایسے ہیں، جہاں لفظاً خطاب نہیں ہے، لیکن معنی خطاب ہے۔

قرآن میں ۳۳۲ بار لفظ قل آیا ہے جس کی تفصیل مؤلف نے کتاب کے آخر میں پیش کردی ہے۔ ان آیات کو مختلف عنوانات قائم کر کے جمع کیا گیا ہے تا کہ استفادہ میں سہولت ہو۔ مثلاً

کتاب الایمان، التوحید، الرسالة، الصحابة، اهل کتاب، و مشرکین، التفسیر، الملائکة، الشیاطین، احکام آخرت، اسلام، الطهارت، الصلوٰة، الزکوة، وغیره وغیره.....

اس میں کوئی شک نہیں یہ بہت اہم خدمت ہے، جسے جاری رہنا چاہئے اور ہر تعلیمی ادارہ میں اس قسم کی کتابوں کو ہونا چاہئے تا کہ زیادہ سے زیادہ بہتر انداز میں قرآن سے استفادہ کیا جاسکے اور عملی زندگی کا حصہ بنایا جاسکے۔

ہماری دعاء ہے اللہ تعالیٰ ڈاکٹر صاحب اوران سے منسلکہ جملہ احباب کو مزید خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

کتاب کا نام	:	قرآن مجید کا مختصر اشاریہ (روزمرہ کے معاملات پر)
مؤلف/مصنف	:	ڈاکٹر اطہر محمد اشرف
ناشر	:	سندس انٹر پرائزز
قیمت وصفحات	:	قیمت درج نہیں، صفحات ۲۴۰

کتاب کے آغاز میں کچھ تمہیدی مباحث و اہل قلم کے تاثرات ہیں، پھر اردو ابجدی ترتیب پر اشاریہ سازی کی گئی ہے۔ مثلاً آخرت، آداب مجلس، آزمائش، آسمان و زمین،